Australian Government
Department of Health

Australian Government
Aged Care Quality and Safety Commission

ایجڈ کیئر میں حقوق کا چارٹر

میرا حق ہے کہ مجھے:

1. محفوظ اور معیاری نگہداشت اور خدمات ملیں؛
2. میرے ساتھ وقار اور احترام کا سلوک کیا جائے؛
3. میری شناخت، میرے کلچر اور میرے مختلف ہونے کی قدر اور حمایت کی جائے؛
4. میری زندگی بدسلوکی اور غفلت سے پاک ہو؛
5. مجھے میری نگہداشت اور خدمات کے متعلق اس طریقے سے بتایا جائے کہ میں سمجھ سکوں؛
6. میں اپنے متعلق تمام معلومات دیکھ سکوں جن میں میرے حقوق، نگہداشت اور خدمات کے متعلق معلومات بھی شامل ہیں؛
7. مجھے اپنی نگہداشت، ذاتی زندگی اور سوشل زندگی پر اختیار حاصل ہو اور میں اس سلسلے میں انتخاب کر سکوں، اور اس میں ذاتی رسک رکھنے والے فیصلے کرنا بھی شامل ہے؛
8. مجھے اپنی روزمرّہ زندگی، مالی معاملات اور اپنی ملکیتی چیزوں پر اختیار حاصل ہو اور میں اس سلسلے میں فیصلے کر سکوں؛
9. میری آزادی برقرار رہے؛
10. میری بات سنی جائے اور سمجھی جائے؛
11. میری مرضی کا کوئی شخص، جو ایجڈ کیئر ایڈووکیٹ بھی ہو سکتا ہے، میری مدد کرے یا میری طرف سے بات کرے؛
12. میں انتقامی کارروائی کے بغیر شکایت کر سکوں اور میری شکایات پر منصفانہ اور جلد کام کیا جائے؛
13. مجھے ذاتی پرائیویسی حاصل ہو اور میری ذاتی تفصیلات کا تحفظ کیا جائے؛
14. میں اپنے حقوق استعمال کر سکوں، اور اس وجہ سے میرے ساتھ ہونے والے سلوک پر ناموافق اثر نہ پڑے۔

صارف

....

صارف (یا اس کے مجاز شخص) کے دستخط (اگر وہ دستخط کرنا چاہیں)

....

صارف کا پورا نام

....

مجاز شخص کا پورا نام (اگر کوئی مجاز شخص ہو)

....

پرووائیڈر

....

پرووائیڈر کے عملے کے رکن کے دستخط اور پورا نام

....

پرووائیڈر کا نام

/ /

....

وہ تاریخ جس پر صارف کو چارٹر کی کاپی دی گئی

/ /

....

وہ تاریخ جس پر صارف (یا اس کے مجاز شخص) کو چارٹر پر دستخط کرنے کا موقع دیا گیا

ایجڈ کیئر میں حقوق کا چارٹر

صارفین

صارفین کو ایجڈ کیئر میں حقوق کے چارٹر (چارٹر) پر دستخط کرنے یا نہ کرنے کا موقع حاصل ہے۔ اگر صارفین دستخط نہ کرنے کا فیصلہ کریں تو بھی ان کو نگہداشت اور خدمات مل سکتی ہیں۔

اگر ایک صارف چارٹر پر دستخط کرنے کا فیصلہ کرے تو وہ تسلیم کر رہا ہوتا ہے کہ اس کے پرووائیڈر نے اسے چارٹر کی کاپی دی ہے اور یہ سمجھنے میں مدد دی ہے:

- ایجڈ کیئر سروس کے حوالے سے صارفین کے حقوق کے متعلق معلومات؛ اور
- چارٹر کے تحت صارفین کے حقوق کے متعلق معلومات۔

پرووائیڈرز

ایجڈ کیئر کے قانون کے تحت پرووائیڈرز کے لیے لازم ہے کہ وہ صارفین کو ان کے حقوق سمجھنے کے لیے مدد دیں اور ہر صارف کو چارٹر پر دستخط کرنے کا معقول موقع دیں۔ پرووائیڈرز صارفین کو چارٹر کی کاپی دینے کے پابند ہیں جس میں یہ شامل ہو:

- پرووائیڈر کے عملے کے رکن کے دستخط؛
- وہ تاریخ جس پر پرووائیڈر نے صارف کو چارٹر کی کاپی دی؛ اور
- وہ تاریخ جس پر پرووائیڈر نے صارف (یا اس کے مجاز شخص) کو چارٹر پر دستخط کرنے کا موقع دیا؛
- صارف (یا اس کے مجاز شخص) کے دستخط (اگر انہوں نے دستخط کرنے کا فیصلہ کیا ہو)؛ اور
- صارف کا (اور اگر اس کا کوئی مجاز شخص ہو تو اس کا) پورا نام

پرووائیڈر کو اپنے ریکارڈ کے لیے دستخط شدہ چارٹر کی ایک کاپی اپنے پاس رکھنی ہو گی۔